سوال

(251)میاں بیوی کی ٹیلی فون پر جنسی گفتگو

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا خاوند اور بیوی کےلیے جائز ہے کہ وہ ٹیلی فون پر جنسی بات چیت کریں جس سے شہوت میں انگیخت پیدا ہوا اور دونوں یا کسی ایک کا(ہاتھ کے استعمال کے بغیر ہی)انزال ہوجائے۔ایسا اکثر ہوتا رہتا ہے اس لیے کہ میرا خاوند ہمیشہ مسافر رہتا ہے اور ہم چار ماہ بعد ہی آپس میں ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ایسا کرنا جائز ہے۔البتہ اس کےلیے ہاتھ کا استعمال جائز نہیں الاکہ زنا کا ڈر ہو۔ہاں ہاتھ کے استعمال کے بغیر اگر وہ یہ تصور کرلے کہ میری بیوی میرے ساتھ ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

دونوں کو اس پر متنبہ رہنا چاہیے کہ ان کی یہ گفتگو اور نہ سن رہا ہو یا کوئی ان کی جاسوسی نہ کررہا ہو۔(واللہ تعالیٰ اعلم)(شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص315

محدث فتویٰ